بچی کانام "امۃ المریم" رکھنا کیسا؟

مجیب: ابوالفیضان مولانا عرفان احمد عطاری

فتوی نمبر: WAT-3006

تاریخ اجراء: 21صفر المظفر1446ھ/27اگست2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیاہم اپنی بیٹی کانام "امۃ المریم" رکھ سکتے ہیں؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

لفظِ "اَمَۃ" کا معنٰی ہے: "کنیز وغیرہ"۔ اور "مریم" حضرت عیسی علیہ الصلاۃ والسلام کی والدہ کا نام ہے، جس کا معنٰی ہے: "پاک دامن" دونوں کو ملا کر اس کا معنی بنے گا: "حضرت مریم رضی اللہ عنہا کی کنیز"۔ لہذا معنی کے اعتبار سے یہ نام رکھنا جائز ہے، البتہ! عام بول چال کے اعتبار سے اس نام کے مشکل ہونے کی وجہ سے، لوگوں کا اسے بگاڑ دینا ممکن ہے، لہذا بہتر یہ ہے کہ اکیلا مریم یا کوئی آسان، اسلامی نام رکھ لیا جائے۔ بچی کا نام رکھنے میں بہتر یہ ہے کہ نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات، بیٹیوں، صحابیات رضی اللہ عنہن اور نیک خواتین کے نام پر رکھا جائے کہ حدیث پاک میں اچھے لوگوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے، نیز امید ہے کہ اچھے نام کی برکت اور ان بزرگ ہستیوں کی برکت بھی بچی کے شامل حال ہو گی۔

المعجم الوسیط میں ہے "الامۃ: باندی، بندی، جیسے "یا امۃ اللہ" اے خدا کی بندی۔ (المعجم الوسیط، ص54، مطبوعہ لاہور)

فیروز اللغات میں ہے "مریم: پارسا، باعصمت، پاک دامن، حضرت عیسی علیہ الصلاۃ والسلام کی والدہ ماجدہ کا نام۔ (فیروز اللغات، ص 1297، فیروز سنز، لاہور)

الفردوس بماثور الخطاب میں ہے: "تسموا بخیارکم" ترجمہ: اچھوں کے نام پر نام رکھو۔ (الفردوس بماثور الخطاب، جلد2، صفحہ58، حدیث2328، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں، جن کے کچھ معنی نہیں یا اون کے برے معنی ہیں، ایسے ناموں سے احتراز کریں۔ انبیائے

کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ و تابعین وبزرگان دِین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے، امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شاملِ حال ہو۔" (بہارشریعت، جلد3، حصہ15، صفحہ356، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

نوٹ: ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے دعوتِ اسلامی کے مکتبۃ المدینہ کی کتاب "نام رکھنے کے احکام" پڑھیں۔ اس میں بچوں اور بچیوں کے بہت سے اسلامی نام بھی لکھے ہوئے ہیں، وہاں سے دیکھ کر کوئی سا بھی اچھا نام رکھا جاسکتا ہے۔ نیچے دیئے گئے لنک سے یہ کتاب ڈاؤن لوڈ بھی کی جاسکتی ہے۔

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/naam-rakhnay-kay-ahkam

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net